Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# "پردہ"

## "اقراءفاطمہ"

"کہاں جا رہی ہو گڑیا؟؟"،عالیہ کو بلا سبب بے پردہ گھر سے باہر نکلتے دیکھ کر صحن میں کام کرتی ہوئی نادیہ بھابھی نے دروازے کی سمت متوجہ ہوتے ہوئے اسے بے اختیار ٹوکا تھا۔

بھابھی! ہمسایہ میں خالہ کی طرف۔ آپ کو کام تھا؟"، نادیہ بھابھی کے ٹوکنے پر عالیہ جو اپنی خالہ کے گھر جانے کی تگ و دو میں ہوائی گھوڑے پر سوار تھی۔بھابھی کی یوں مداخلت پر برا منائے بنا ان کی جانب متوجہ ہوتی وہ انہیں اپنے یوں گھر سے باہر جانے کا سبب بتانے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

"نہیں، لیکن گڑیا! یہ باریک ڈوپٹہ لے کر جاؤ گی آپ؟؟"،عالیہ کے یوں بنا کسی پردے کے بائیں جانب ہمسائے میں موجود اپنی خالہ کے گھر جانے پر وہ اپنی حیرانگی چھپاتی ہوئی عالیہ سے استفسار کیے بنا نہ رہ سکی تھی۔

"بھابھی! میں کون سا آپ کی طرح خوبصورت ہوں۔جو مجھے خود کو ڈھانپنے کی ضرورت پڑے گی۔میں تو سانولی سلونی سی ہوں۔مجھے کس نے دیکھنا ہے۔"، اپنی سانولی صورت کا مذاق اڑاتے ہوئے جہاں عالیہ ہلکی سی ہنسی تھی۔جو اس کے لیے تو کسی اہمیت کی حامل نہ تھی۔ مگر نادیہ بھابھی کے دل پر بری طرح لگی تھی۔یہی وجہ تھی کہ وہ اس کی بات کی تردید کرتے ہوئے اسے اپنے پاس بلا کر بیٹھاتے ہوئے گویا ہوئیں۔

"بری بات، گڑیا! ایسے نہیں کہتے۔آپ بھی بہت خوبصورت ہو۔یہ تو بس دیکھنے والی نظر کا فرق ہے۔اور کچھ نہیں۔ورنہ مجھ سے پوچھو آپ۔ کتنی خوبصورت ہو آپ!مجھ سے بھی زیادہ!۔اسی لیے شاباش! یہ چادر اوڑھو آپ! اور خود کو مکمل ڈھانپ کر گھر سے نکلو۔تا کہ ہماری گڑیا پر کسی نا محرم کی نگاہ نہ پڑ سکے۔کیونکہ ہماری گڑیا بہت قیمتی ہے۔اس بات سے بالاتر کہ کسی کی اس پر نظر پڑے۔"،عالیہ کو رسانیت سے سمجھانے کے ساتھ ساتھ اس کے سر پر دوپٹہ اوڑھتی ہوئی نادیہ بھابھی اپنے لہجے میں پر خلوص حلاوت سموتی گویا ہوئی تھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"بھابھی! سب ہنسیں گے!"،نادیہ بھابھی کو اپنے سر پر یوں دوپٹہ اوڑھتے دیکھ کر جہاں عالیہ بے چارگی سے گویا ہوئی تھی۔وہیں نادیہ بھابھی بھی پہلی بار کے حجاب کے باعث اس کو ہونے والی جھجھک پر مسکراتے ہوئے اس کے سر پر پیار بھری ہلکی سی بہت لگاتی گویا ہوئیں۔

"بری بات گڑیا!آپ نے یا کسی بھی لڑکی کا خود کو ڈھانپنے کا مقصد اپنے اللہ کو راضی کرنا ہے۔ورنہ لوگوں کا کیا ہے۔وہ تو نبیوں اور ولیوں کو بھی نہیں بخشتے۔تو ہم کیا چیز ہیں۔چلو شاباش! اب آپ اچھے سے ڈھانپو خود کو!۔اور ایک بات گڑیا، ہمیشہ یاد رکھنا!"، عالیہ اس کے جھجھک سے بھرپور احتجاج کے باوجود پردہ کروانے کے ساتھ ساتھ اسے پردے کی اہمیت سے آگاہ کرتی ہوئی نادیہ بھابھی ایک توقف سے گویا ہوئیں۔

"آج سے اپنے پردے کا آغاز اس نیت سے کرنا گڑیا کہ اسے آپ نے اپنی زندگی کی آخری سانس تک اپنائے رکھنا ہے۔پھر اس کے لیے حالات چاہے جیسے بھی کیوں نہ ہوں۔آپ نے کبھی بھی اللہ رب العزت کے اس حکم سے منہ نہیں موڑنا۔کیونکہ جس طرح اللہ پاک کے دیئے گئے تمام احکامات میں رنگ و نسل، قوموں کا کوئی تضاد نہیں۔ویسے ہی پردہ کرنے کے لیے بھی ضروری نہیں کہ ہم خوبصورت ہوں تو ہی خود پر اوڑھنیاں اوڑھیں۔ہم الحمداللہ مسلمان ہیں۔جن کے لیے اللہ پاک نے رنگ و روپ سے بے نیاز ہوکر احکامات جاری کیے ہیں۔جن میں ہم خواتین کے لیے پردے کا حکم بھی ہے۔جسے ماننا ہمارے لیے ضروری

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہے۔پھر چاہے ہم گورے ہوں یا کالے۔کیونکہ اسی میں ہماری بقاء ہے۔اس سوچ سے بالاتر ہو کر کہ لوگ ہمارے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔کیونکہ ہمیں ہمارے رب کا حکم ماننا ہے۔ناکہ لوگوں کا۔"،رسانیت سے عالیہ کو جہاں انہوں نے آسان الفاظ میں اتنی بڑی اور گہری بات سمجھائی تھی. وہیں باتوں ہی باتوں میں اس کا پردہ بھی مکمل کروا دیا تھا۔جس پر جہاں وہ خود مطمئن ہوئی تھیں۔وہی عالیہ ان کی باتوں کو اپنے ذہن کی گرہ سے باندھ کر "جی بھابھی! آئندہ میں اپنے پردے خیال رکھوں گی۔"، کہتی ہوئی اپنی خالہ کے گھر روانہ ہو گئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595